□ **درس شعب ایمان (جلد نمبر ۳)** افادات: حضرت مولانا مفتی محمد تقی عثمانی مدظلہ

مرتب: محمد عدنان مرزا ضحامت: ۲۴۰ صفحات

حضرت مولانا تقی عثمانی مدظلہ کی اصلاحی بیانات اور خطبات کسی تعارف کے محتاج نہیں خود انکی شخصیت بھی محتاج تعارف نہیں، حضرت مولانا تقی عثمانی مدظلہ ہر اتوار کو امام بیہقی کی شہرہ آفاق کتاب ''شعب الایمان'' کے منتخب مقامات کا درس دیتے رہیں، اب حضرت کی دروس کو محترم جناب محمد عدنان مرزا صاحب نے ترتیب دے کر کتابی شکل میں شائع کرنے کی سعادت حاصل کی، پہلی اور دوسری جلد منظر عام پر آ کر اہل علم سے داد تحسین وصول پا چکے ہیں، یہ جلد بھی اعلیٰ خوبیوں سے مالا مال ہے، اللہ تعالیٰ مزید علمی توفیق سے نوازے۔

□ **تربیتی بیانات:** افادات: حضرت مولانا تقی عثمانی مدظلہ مرتب: محمد عدنان مرزا ضخامت: ۲۴۰

زیر تبصرہ کتاب ''تربیتی بیانات'' حضرت شیخ الاسلام مولانا مفتی تقی عثمانی مدظلہ کے ان جدید بیانات پر مشتمل ہے جو حکیم الامت حضرت تھانوی رحمہ اللہ کے افادات پر مشتمل معروف کتاب ''شریعت اور طریقت'' کی تشریح وتوضیح کے طور پر پیش کئے گئے ہی، حضرت تھانوی صاحب کی کتابیں مغلق ومشکل ہوتی ہے، تو حضرت مفتی تقی عثمانی صاحب نے اس کو عام فہم بنا کر پیش کرنے کی سعادت حاصل فرمائی، اپنے موضوع پر اچھی کاوش اور شاندار مجموعہ ہے، جناب محمد عدنان مرزا صاحب بھی لائق صد تحسین ہے کہ وہ اپنے اکابر کی کتابوں کو بخوبی مرتب کرنے کا فریضہ انجام دے رہا ہے۔

□ **پراثر بیانات:** افادات: مفتی محمد رفیع عثمانی مرتب: محمد عدنان مرزا ضخامت: ۲۶۳ صفحات

زیر تبصرہ کتاب ''پراثر بیانات'' حضرت شیخ الحدیث حضرت مولانا مفتی محمد رفیع عثمانی کے ان بیانات پر مشتمل مجموعہ ہے، جو انہوں نے وقتاً فوقتاً خطبات جمعہ اور مختلف تقریبات میں طلبہ اور عوام الناس کے سامنے پیش کی ہے، جس میں چند تحریریں بھی شامل ہے، مرتب کتاب ''محمد عدنان مرزا صاحب'' صد لائق تحسین ہے کہ وہ اس طرح کے بکھرے موتیوں کو سلک تحریر میں پرونے کا کام سرانجام دے رہا ہیں، اللہ تعالیٰ مزید توفیق سے نوازے۔

□ **سنن وآداب قرآن وحدیث کی روشنی میں** مؤلف: مولانا ابوبکر بن مصطفیٰ پٹنی ضخامت: ۴۸

مکتبہ الایمان کراچی کا شائع کردہ یہ کتاب مسلمانوں کے روزمرہ معمولات، عبادات، معاملات، معاشرت اور سیاسیات وغیرہ کے متعلق تقریباً ۱۹۰ سنتوں اور آداب پر مشتمل ہے۔ مولانا مفتی ابوبکر پٹنی صاحب نے ایک اچھا خاصا ذخیرہ جمع کر کے امت مسلمہ کی خدمت میں پیش کیا ہے، جسمیں انہوں نے دلائل اور اسکے مصادر ومراجع کا اہتمام بھی کیا ہے، کتاب کی زبان سہل، الفاظ مختصر، اسلوب شگفتہ ہے، کتاب میں آیات واحادیث اور دیگر اقوال کا تفصیلی تخریجات پیش کر کے قارئین کیلئے ایک گنا آسانی پیدا کردی ہے، اللہ تعالیٰ مرتب اور ناشر دونوں کو جزائے خیر عطا فرمائے آمین (مبصر: محمد اسلام حقانی)